گرینفل ٹاور میموریل کمیشن (Grenfell Tower Memorial Commission)

# بین الاقوامی ڈیزائن ٹیم کا انتخابی عمل

مرحلہ 1 ڈیزائن کا بیان

10 جولائی 2024

## مشمولات

تعارفی خط منجانب گرینفل ٹاور میموریل کمیشن

افتتاحی کلمات

1 انتخابی عمل کا تعارف

2 ویژن برائے میموریل

3 میموریل سائٹ اور آس پاس کا علاقہ

4 گرینفل کمیونٹی

5 ڈیزائن سے متعلق رہنما اصول

6 آپ کی ڈیزائن ٹیم

### ضمیمے

A1 میموریل سائٹ کا بنیادی منصوبہ
A2 میموریل سائٹ کی فضائی تصویر
A3 میموریل سائٹ فوٹو لوکیشن اور سائٹ کی امیجز

ڈیزائن کے اس بیان کو لازمی طور پر درج ذیل کے ساتھ ملا کر بھی پڑھا جانا چاہیے:

انتخاب کا معیاری سوالنامہ (SSQ)
اعلی معیاری وضاحتی دستاویز (HDD)

## تعارفی خط منجانب گرینفل ٹاور میموریل کمیشن

ڈیزائن کے اس بیان کی اشاعت ایک ماہر، سنجیدہ اور کمیونٹی پر مرکوز میموریل ڈیزائن ٹیم کو تلاش اور بحال کرنے کے عمل کے آغاز کو ظاہر کرتی ہے۔ یہ ان لوگوں کو یاد کرنے کے لیے جنہوں نے گرینفل ٹاور (Grenfell Tower) کی تباہ کن آتش زدگی کی وجہ سے اپنی جانیں گنوائیں اور جن کی زندگیاں ہمیشہ کے لیے تبدیل ہو گئیں ایک مناسب یادگار تخلیق کرنے کے ہمارے سفر میں ایک انتہائی اہم قدم ہے۔ ہم لوگ ایک اہم، یادگاری اور اثر انگیز میموریل تخلیق کرنے کے لیے گرینفل کمیونٹی کی طرف سے اس عمل میں رہنمائی فراہم کرنے کے لیے پابند عہد ہیں۔ یہ میموریل 14 جون 2017 کے اندوہناک حادثے کا گواہ ہوگا اور اس میں جاں بحق ہونے والے لوگوں کے لیے ہماری محبت کا اظہار کیا جائے گا اور ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

ہمیں معلوم ہے کہ اس کا حصول آسان نہیں ہوگا کیوں کہ اس حادثے نے بہت ساری پیچیدہ اور تکلیف دہ جذبات کو بر انگیختہ کر دیا ہے۔ اس مرحلہ میں ہم لوگ یہ توقع نہیں کر رہے ہیں کہ یہ عمل ڈیزائن کے کسی ثابت یا حتمی تجویز کو منتخب کرے گا۔ ایسے بہترین لوگوں پر مشتمل ایک ٹیم کو تلاش کرنا انتہائی ضروری ہے جو کہ ایک حساس اور اثر انگیز ڈیزائن کا خاکہ پیش کر سکیں، اور میموریل کے لیے ایک ابتدائی تصور فروغ دینے کی غرض سے گرینفل کمیونٹی کے ساتھ مل کر کام کر سکیں۔

مئی 2022 اور نومبر 2023 میں، ہم نے اپنی پہلی اور دوسری رپورٹیں ***Remembering Grenfell: our journey so far***[1] اور ***Remembering Grenfell: Recommendations and next steps to a memorial***[2] شائع کی تھیں۔ ہماری رپورٹوں میں ان کاموں کی وضاحت تھی جو ہم نے اب تک میموریل کا سیاق و سباق قائم کرنے میں گرینفل کمیونٹی کے ساتھ مل کر انجام دیا ہے۔ یہ میموریل کے لیے کمیونٹی کے تصور، اس کے آئندہ انتظام وانصرام اور ہماری کمیونٹی نے جو کچھ کھویا ہے اس کو یاد کرنے کے جاری عمل، گرینفل ٹاور کی سائٹ پر اور اس کے علاوہ پر مشتمل تھیں۔ 2000 سے زیادہ لوگوں نے، جن میں سے بیشتر اس سانحہ سے بہت متاثر تھے، ہمیں میموریل کے مستقبل کے بارے میں اپنے خیالات سے آگاہ کیا؛ جن میں سے کچھ لوگوں نے ہم سے ایک سے زیادہ بار گفتگو کی۔ ہماری رپورٹیں بہت ساری ان امیدوں اور آرزوؤں کو بیان کرتی ہیں جنہیں ہم اور گرینفل کمیونٹی کے دیگر حصّے میموریل کے لیے رکھے ہوئے ہیں کہ کون سی چیزیں شامل کی جا سکتی ہیں اور اس جگہ کو آئندہ کیسا محسوس ہونا چاہیے۔ ڈیزائن کا یہ بیان بہت حد تک ان رپورٹوں کے مطابق تحریر کیا گیا ہے اور یہ ان ابتدائی خیالات پر قائم ہے جنہیں گرینفل کمیونٹی کے لوگوں نے ہمارے ساتھ مشترک کیا ہے۔

گرینفل ٹاور کے مستقبل کا فیصلہ حکومت کو کرنا ہے لیکن مساوی طور پر ہمیں معلوم ہے کہ گرینفل ٹاور اپنی موجودہ شکل میں ہمیشہ قائم نہیں رہ سکتا۔ ہمیں حکومت کی جانب سے ٹاور سے متعلق از حد ضروری مزید وضاحت اور کسی فیصلہ کے لیے مرحلہ وار منصوبوں کا انتظار ہے۔ اس دوران جبکہ ہم لوگ اس مسئلہ کے حل ہونے کا انتظار کر رہے ہیں ہم لوگ انتخاب کے اس عمل میں آگے بڑھنے کے خواہاں ہیں تاکہ جب ٹاور سے متعلق فیصلہ آئے تو ایک ڈیزائن ٹیم پہلے سے موجود رہے۔ ہمیں معلوم ہے کہ یہ ایک چیلنج ہے مگر کمیشن کے لیے سیکریٹریٹ کی جانب سے جس تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی ہے اس کی بنا پر ہم پر اعتماد ہیں کہ انتخاب کے اس عمل میں شریک ہونے والے لوگوں کے پاس گرینفل کے لیے ایک مناسب میموریل تیار کرنے کے اس مخصوص چیلنج پر کام کرنے کے لیے مہارت اور تخلیقیت موجود ہوگی۔

خواہ آپ کا تعلق لندن سے ہو، مملکت متحدہ میں کسی اور جگہ سے ہو یا آپ بیرون ملک مقیم ہوں، ہم لوگ ایک ٹیم سازی پر غور کرنے اور ایک ابتدائی دلچسپی کا اظہار جمع کرانے کے لیے آپ کی حوصلہ افزائی کرنا چاہتے ہیں۔ ہم لوگ

[1] **Remembering Grenfell: our journey so far** (مئی 2022)
https://www.grenfelltowermemorial.co.uk/remembering-grenfell

[2] **Remembering Grenfell: Recommendations and next steps to a memorial** (نومبر 2023)
https://www.grenfelltowermemorial.co.uk/report2023

چاہتے ہیں کہ آپ گرینفل ٹاور سانحہ میں جن لوگوں نے اپنی جانیں گنوائیں ان کی یاد میں ایک محترم، شوخ اور پائیدار میموریل کا ڈیزائن تیار کرنے کے لیے اپنی دلچسپی کا اظہار جمع کرانے کے لیے اپنی تحریک کی وضاحت کریں۔ اس دستاویز کو پڑھنے کے لیے وقت نکالنے پر ہم آپ کے شکر گزار ہیں اور امید کرتے ہیں کہ آپ اس انتہائی اہم اور حساس ڈیزائن کمیشن کے لیے ایک ابتدائی تجویز جمع کرا کر شرف اور تحریک یافتہ محسوس کریں گے۔

**دستخط شدہ،** عادل چاؤئی (Adel Chaoui)، حنان وہابی (Hanan Wahabi)،
حسن حسن (Hassan Awadh Hassan)، نبیل چاؤکیئر (Nabil Choucair)، سینڈرا روئز (Sandra Ruiz)،
ابیے ابیبے (Abe Abebe)، حنان شربیکا (Hanan Cherbika)، محمد رسول (Mohammed Rasoul)،
اینڈریا نیوٹن (Andrea Newton)، سوزن الصفدی (Susan Al-Safadi)

**گرینفل ٹاور میموریل کمیشن کمیونٹی کے نمائندگان**

تھیلما اسٹوبر (Thelma Stober) DL ، پاؤل بوٹینگ (Lord Paul Boateng CVO)

**گرینفل ٹاور میموریل کمیشن کے شریک صدور**

## افتتاحی کلمات

بروز بدھ مورخہ 14 جون 2017 کی شب نارتھ کینسنگٹن (North Kensington) میں لنکاسٹر ویسٹ اسٹیٹ (Lancaster West Estate) پر قائم گرینفل ٹاور میں آتش زدگی کا ایک واقعہ پیش آیا۔ آگ بھڑکنے کے بعد تیزی سے پوری عمارت میں اور 23 ویں فلور[3] تک پھیل گئی اور اس اندوہناک واقعہ میں 72 لوگ جاں بحق ہو گئے جبکہ عمارت کا ڈھانچہ پوری طرح تباہ ہو گیا۔ اس تباہی کے بارے میں چشم دیدوں کے بہت سارے بیانات آئے، اطلاعات دی گئیں اور تحریر کی گئیں، اس اثر کے بارے میں جو اس واقعہ نے لا تعداد زندگیوں پر ڈالا ہے اور اس کے جو اثرات آس پاس کے علاقوں اور کمیونٹیوں پر مرتب ہوئے ہیں۔ اس بین الاقوامی ڈیزائن ٹیم کے انتخابی عمل کے مرکز میں آتش زدگی کے تباہ کن واقعات کو تسلیم کرنا اور ان لوگوں کی زندگیوں کو یاد کرنا ہے جو ہمارے عزیز تھے اور اب ہمارے درمیان نہیں رہے۔ ڈیزائن کی قوت کے ذریعہ ایک ایسی جگہ تخلیق کرنے کی اجتماعی خواہش پائی جاتی ہے جہاں لوگ اکٹھا ہو کر اس سانحہ پر غور کریں، مضبوطی حاصل کریں، اور اس میں جاں بحق ہونے والے لوگوں کو خراج عقیدت پیش کریں۔

ڈیزائن کا یہ بیان تحریر کرنے میں الفاظ کو احتیاط سے منتخب کیا گیا ہے۔ اس بارے میں حتی الامکان واضح رہنے کی کوشش کی گئی ہے کہ کن لوگوں اور چیزوں کا حوالہ دیا گیا ہے اور ایسی زبان میں جس کا استعمال کمیشن کی سابقہ رپورٹوں میں اور اس دستاویز کے اندر کیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر، اس میں گرینفل کمیونٹی کا خصوصی تذکرہ ہے جس سے مراد کسی عزیز کی وفات کی وجہ سے غمزدہ خاندان، زندہ بچ رہنے والے لوگ، لنکاسٹر ویسٹ اسٹیٹ کے مکین اور متصل کمیونٹی جو گرینفل ٹاور کے آس پاس رہتی ہے۔ کبھی کبھار 'گرینفل' کا استعمال خود اپنے آپ میں اس سانحہ کو مختصر طور پر بیان کرنے کے لیے کیا جاتا ہے اور وہ اس کی یاد دلاتا ہے۔ اس لفظ کا استعمال کثرت سے کیا گیا ہے۔ یہ بات تسلیم ہے کہ ہو سکتا ہے ہر شخص اس زبان کا انتخاب نہ کرے لیکن حتی الامکان حساس اور واضح رہنے کی کوشش کی گئی ہے۔

ان لوگوں کے احترام کی ایک علامت کے طور پر جو کہ اس سانحہ سے متاثر ہوئے ہیں، کمیشن، ان کے صلاح کاران اور گرینفل کمیونٹی کے افراد سے راست رابطہ نہیں کیا جانا چاہیے یا ان سے معلومات طلب نہیں کی جانی چاہئیں کیوں کہ یہ ڈیزائن ٹیم کو انتخابی عمل سے نا اہل قرار دیے جانے کا باعث ہو سکتا ہے۔

انتخابی عمل کا انتظام وانصرام کمیشن اور گرینفل کمیونٹی کی طرف سے RIBA[4] کمپٹیشنز کر رہا ہے۔ آرگنائزیشنز انتخابی عمل میں حصّہ لینے کے لیے رجسٹر کر سکتے ہیں، پہلے اس پروکیورمنٹ پورٹل پر رجسٹر کر کے جس کا استعمال کیا جا رہا ہے: New User Registration

[3] گرینفل ٹاور ایک گراؤنڈ فلور، 23 منزلوں اور عمارت کے چھت پر ایک پلانٹ روم پر مشتمل ہے۔ کچھ تکنیکی رپورٹوں میں گراؤنڈ فلور اور عمارت کی چھت پر پلانٹ روم کو شامل کر کے اس عمارت کو 25 منزلہ بتایا گیا ہے (ٹاور کی مزید وضاحت کے لیے پیراگراف 3.4 ملاحظہ کریں)۔
[4] RIBA سے مراد رائل انسٹی ٹیوٹ آف برٹش آرکیٹیکٹس ہے۔

# 1 انتخابی عمل کا تعارف

1.1 یہ گرینفل ٹاور میموریل کمیشن کی ڈیزائن ٹیم کے انتخابی عمل کے لیے مرحلہ 1 کے ڈیزائن کا بیان ہے۔ یہ ان ڈیزائن ٹیموں کو دعوت دیتا ہے جو خوب غور وفکر کے بعد کوئی ایسی تجویز پیش کرنا چاہتی ہیں جس میں شرکت کے لیے ان کی تحریک، گرینفل کمیونٹی کے ساتھ کام کرنے کی ان کی اہلیت، نمونے کے پروجیکٹ کی ڈیلیوری اور تکمیل نیز ڈیزائن ٹیم کے مجموعی تجربوں اور بیلنس کی وضاحت ہو۔

1.2 مرحلہ 2 میں پانچ شارٹ لسٹ کی گئی ٹیموں کو گرینفل کمیونٹی سے معلومات حاصل کرکے اپنے ابتدائی ڈیزائنوں کو بہتر بنانے کے لیے کہا جاتا ہے۔ ٹیمیں اپنی تجاویز کے عناصر کا تصور حاصل کریں گی جو کہ اس جگہ میں کسی ٹاورکی موجودگی یا غیر موجودگی کے باوجود ضروری ہیں، توجہ کوئی مخصوص میموریل ڈیزائن کو حتمی طور پر قبول کرنے کے بجائے درست ڈیزائن ٹیم کا انتخاب کرنے پر ہوگی۔

1.3 یہ بیان میموریل اور انتخابی عمل کے لیے ڈیزائن کے رہنما اصولوں کی وضاحت کرتا ہے۔ یہ اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ کوئی ابتدائی تجویز کس طرح تیار کی جائے اور کس طرح ٹیموں اور تجاویز کو دوسرے مرحلہ کے لیے شارٹ لسٹ کیا جائے گا۔

1.4 انتخاب کے اس عمل کی سربراہی گرینفل کمیونٹی کی طرف سے گرینفل ٹاور میموریل کمیشن (کمیشن) کر رہا ہے۔ یہ عمل اس بات کو یقینی بنائے گا کہ انتخابی عمل میں گرینفل کمیونٹی کی قریبی شمولیت رہتی ہے اور ان کے پاس ڈیزائن ٹیم کے انتخابی عمل کے مرحلہ 2 کے دوران اور بعد میں آنے والے ڈیزائن کے تفصیلی مراحل میں شارٹ لسٹ میں شامل ٹیموں کے ساتھ شامل ہونے اور سرگرم مباحثہ کرنے کا موقع ہوگا۔ یہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ڈیزائن کے نت نئے خیالات کمیشن اور گرینفل کمیونٹی نیز ان لوگوں کے ساتھ مل کر فروغ دیے جاتے ہیں جو آتش زدگی اور اس کے بعد کے واقعات سے متاثر ہوئے ہیں۔

1.5 کمیشن کو گرینفل کمیونٹی کی طرف سے کام کرنے کے لیے قائم کیا گیا تھا تاکہ وہ فیصلہ سازی کے عمل میں رہنمائی کرے اور سائٹ کے طویل مدتی مستقبل کے لیے اختیارات فراہم کرے۔ اس کمیشن میں کمیونٹی کے دس نمائندگان شامل ہیں: جن میں سے نصف تعداد ایسے خاندانوں کے افراد پر مشتمل ہے جنھوں نے حادثے میں اپنے کسی عزیز کو کھویا ہے، تین لوگ حادثے میں بچ رہنے والے لوگوں کی نمائندگی کرتے ہیں، جبکہ دو لوگ لنکاسٹر ویسٹ اسٹیٹ میں سالوں سے رہ رہے ہیں۔ اس میں دو شریک صدر ہیں۔ کمیشن مہارتوں، تجربات اور اپنے کام کے نظریات کے ایک مجموعہ پر مشتمل ہے اور بطور رضاکاران انہیں لازمی طور پر اس کام کو اپنی دیگر سرگرمیوں اور خاندانی التزامات میں شامل کرنا چاہیے۔ ان کی تنظیم اور شرائط کی مزید تفصیلات گرینفل ٹاور میموریل کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں [5]۔

1.6 میموریل کمیشن گرینفل کمیونٹی کی طرف سے انتخابی عمل کی قیادت کرے گا اور ان کے کام کو خود مختار ڈیزائن ایڈوائزرز اور تکنیکی ماہرین کا تعاون حاصل ہے۔ کمیشن ڈیزائن کے ابتدائی تصور سے ڈیزائن کی تفصیلی تجاویز کو فروغ دینے تک اور پھر تعمیر میں مدد کے لیے کام کرے گا۔ حکومت میموریل تیار کرنے، مکمل کرنے اور کھولنے کے لیے بطور کانٹریکٹنگ کلائنٹ کمیشن کی مدد کرے گی۔ انتخابی عمل دو مرحلوں میں مکمل ہوگا اور پھر اس کے بعد گرینفل کمیونٹی کے ساتھ کام کرکے ڈیزائن تیار کرنے کا ایک مرحلہ ہوگا جس کے بعد پلاننگ اپلی کیشن اور پھر میموریل کی تعمیر عمل میں آئے گی۔

[5] **گرینفل ٹاور میموریل کمیشن کی شرائط**
https://www.grenfelltowermemorial.co.uk/terms-reference

1.7 مرحلہ 1 ڈیزائن کا یہ بیان میموریل کے لیے گرینفل کمیونٹی کے ابتدائی تصور کو بیان کرتا ہے اور سائٹ، اس کے سیاق و سباق اور مادی رکاوٹوں کی وضاحت کرتا ہے۔ یہ بیان اس بابت بھی کچھ مزید تفصیلات فراہم کرتا ہے کہ کس طرح تنظیموں کو تنظیموں اور ان افراد کے ساتھ کام کرنے پر غور کرنا چاہیے جو کہ متنوع مقامی کمیونٹی کو تشکیل دیتے ہیں۔ یہ میموریل کے لیے ڈیزائن کے ابتدائی رہنما اصولوں، کسی ڈیزائن ٹیم کے ڈھانچہ کے بارے میں غور کرنے کے طریقوں اور تجاویز کی لازمی مشمولات کی وضاحت کرتا ہے۔ یہ انتخابی عمل کی اہم تاریخوں اور میعادوں نیز ان شرائط کو بیان کرتا ہے جن کا استعمال ہر ایک تجویز کا جائزہ لینے کے لیے کیا جائے گا۔ احکام وشرائط کا ایک مجموعہ شامل کیا گیا ہے جس کی تعمیل ہر اس شخص کے لیے لازمی ہوگی جو اس انتخابی عمل میں شریک ہوگا۔ بعد ازیں ایک مزید تفصیلی مرحلہ 2 کے ڈیزائن کا بیان ان ٹیموں کو دیا جائے گا جن کو انتخابی عمل کے دوسرے مرحلہ میں حصّہ لینے کے لیے بلایا جائے گا۔

1.8 وہ تمام ٹیمیں جنہیں مرحلہ 2 میں شرکت کے لیے شارٹ لسٹ کیا جائے گا انہیں اس وقت کے عوض (+VAT) £20,000 کا ایک اعزازیہ دیا جائے گا جو کہ مزید تفصیلی تجویز تیار کرنے کے لیے ضروری ہوگا۔ یہ اس انتخابی عمل کے اختتام پر واجب الادا ہوگا جس میں مکمل طور پر شرکت کی گئی ہو اور ایک مکمل اور مطابقت رکھنے والی تجویز موصول کر لی گئی ہو۔ اعزازیہ کی ادائیگی سے متعلق مزید تفصیلات مرحلہ 2 کے ڈیزائن کے بیان میں فراہم کی جائیں گی۔

1.9 مختصر یہ کہ ڈیزائن کا عمل درج ذیل پر مشتمل ہوگا:

**مرحلہ 1 – ٹیموں کو شارٹ لسٹ کرنا:**
ٹیموں سے درج ذیل جمع کرانے کی درخواست کی جاتی ہے:

- اس انتخابی عمل میں شرکت کی وجہ
- گرینفل کمیونٹی کی شراکت میں کام کرنے کی اہلیت
- ڈیزائن ٹیم کا مجموعی تجربہ اور بیلنس

**نتیجہ:** زیادہ سے زیادہ 5 ٹیمیں شارٹ لسٹ کی جاتی ہیں

**مرحلہ 2 – کوئی ٹیم منتخب کرنا اور ابتدائی ڈیزائن کا طریقہ:**
شارٹ لسٹ کی گئی ٹیموں سے مندرجہ ذیل تیار کرنے کو کہا جاتا ہے:

- ڈیزائن ٹیم کو کنفرم یا ایڈاپٹ کرنا
- اس بات کی وضاحت کرنا کہ کس طرح گرینفل کمیونٹی کی شمولیت ہوگی
- ابتدائی ڈیزائن کا طریقہ، تصور اور اس بات کا بصری خاکہ کہ میموریل کا کوئی حصّہ کیسا نظر آئے گا اگر تجویز آگے چل کر تفصیلی ڈیزائن کی صورت اختیار کرتی ہے۔

**نتیجہ:** گرینفل ٹاور میموریل کا خاکہ تیار کرنے کے لیے ایک ٹیم کا انتخاب عمل میں آتا ہے۔

**انتخابی عمل کے بعد**

منتخب شدہ ٹیم درج ذیل میں شامل ہوگی:

- گرینفل کمیونٹی کے ساتھ ڈیزائن تیار کرنا
- تفصیلی خاکے تیار کرنا اور ایک پلاننگ اپلی کیشن جمع کرانا
- میموریل کی تعمیر کے لیے درست کانٹریکٹرز کے انتخاب میں مدد کرنا

منتخب شدہ ٹیم درج ذیل میں شامل ہو سکتی ہے:

- بحال کردہ ٹیکنیکل ایڈوائزرز کے ساتھ میموریل کی تعمیر کی نگرانی میں مدد کرنا
- سائٹ کے لیے طویل مدتی انتظام کا لائحہ عمل اور انتظامات کے لیے ڈیزائن کے اثرات پر غور کرنا

1.10 ڈیزائن ٹیموں کو ٹاور کے مستقبل سے متعلق کوئی فیصلہ کیے جانے سے قبل پروجیکٹ اور پروگرام کے ابتدائی مراحل میں ڈیزائن کو تیار کرنے کا ایک لچکدار اور باہمی تعاون والا طریقہ قائم کرنے ضرورت ہوگی۔ ٹاور کے مستقبل سے متعلق فیصلہ سازی کے دوران اور اس کے بعد کمیشن سیکریٹریٹ اور وسیع تر پروجیکٹ ٹیم کے ذریعہ تعاون فراہم کیا جائے گا۔

1.11 ہز میجسٹی حکومت (HMG) Ministry of Housing, Communities and Local Government ڈیپارٹمنٹ فار لیولنگ اپ، ہاؤسنگ اینڈ کمیونٹیز) کی طرف سے پروجیکٹ کے انتظام وانصرام، کمرشیل سپورٹ اور پالیسی ایڈوائس کے ساتھ ساتھ سیکریٹریٹ کی ایک مخصوص ٹیم کے لیے کمیشن کے کام میں تعاون کر رہی ہے۔ ڈیپارٹمنٹ میموریل کے ڈیزائن اور تعمیر کے لیے اتھارٹی کے ساتھ معاہدے کرے گا۔

## 2 ویژن برائے میموریل

2.1 ویژن برائے گرینفل ٹاور میموریل ایک ایسی حساس اور شاندار جگہ تخلیق کرنا ہے جو ان لوگوں کو یاد کرنے کا ایک دائمی طریقہ فراہم کرے گا جنہوں نے سانحہ میں اپنی جانیں گنوائیں اور جو اس سے متاثر ہوئے ہیں۔ میموریل کے لیے مجوزہ طریقوں میں اس ویژن کی عکاسی ہونی چاہیے جس کو گرینفل کمیونٹی نے باہمی تعاون سے تشکیل دیا ہے۔ ویژن کی تعمیر کے طریقہ کی وضاحت مزید تفصیل سے پہلی رپورٹ **'Remembering Grenfell: our journey so far'** (شائع شدہ مئی 2022) اور حالیہ ترین رپورٹ **'Remembering Grenfell: Recommendations and next steps to a memorial'** (شائع شدہ نومبر 2023) میں ذکر کی گئی ہے۔

### میموریل کے لیے ابھرتے تھیمز

2.2 گرینفل کمیونٹی کی آرزوؤں نے راست طور پر ابھرتے تھیمز کو باخبر بنایا ہے جو کہ اس ویژن کو اجاگر کرتے ہیں اور جو میموریل کے ڈیزائن کے طریقے میں رہنمائی کے لیے اہم ہوں گے؛ وہ درج ذیل پر مشتمل ہیں:

- پر امن اور فکر انگیز
- محترم اور یاد دہانی
- امید اور مثبت
- کمیونٹی اور محبت۔

2.3 ڈیزائن ٹیموں سے گرینفل میموریل کے ڈیزائن اور ماحول کو راست شکل دینے کے لیے ان چار تھیمز کا استعمال کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔ 'پر امن اور فکر انگیز' اور 'محترم اور یاد دہانی' کو خصوصی توجہ دی جانی چاہیے کیوں کہ یہ وہ اہم ترین تھیمز ہیں جو گرینفل کمیونٹی کے ساتھ ابتدائی اور جاری شمولیت کے نتیجہ میں ابھر کر سامنے آئے ہیں۔ یہ ویژن کے اس بیان کا دل ہیں اور وہ بنیاد ہیں جن پر گرینفل میموریل قائم ہوگا۔

### میموریل سائٹ کے لیے ابتدائی ویژن کا بیان

2.4 گرینفل ٹاور میموریل کے ویژن کا بیان میموریل کے مستقبل کا ایک اثر انگیز ویژن پیش کرتا ہے جو نہ صرف یہ کہ اس کی ظاہری شکل وصورت کے سلسلہ میں رہنمائی فراہم کرے گا بلکہ ان گہرے جذبات کے سلسلہ میں بھی جنہیں یہ ابھارے گا۔ اسے کسی میموریل کے لیے بنیاد ہونا چاہیے جو نہ صرف یہ کہ یاد دلائے بلکہ معنویت کو بھی بلند کرے۔

*گرینفل میموریل اپنی اصل میں ایک **پر سکون** جگہ ہوگی۔ یہ ان لوگوں کے بارے میں **غور وفکر کرنے** اور انہیں **یاد کرنے** کے لیے ایک جگہ فراہم کرے گا جنہوں نے اپنی زندگیاں گنوائیں، کیوں یہ سانحہ پیش آیا اور **انصاف کی ضرورت**۔*

*یہ میموریل گرینفل کمیونٹی اور اس کے اندر موجود پیار کو **ظاہر** کرے گا، **امید** اور **مثبت** ہونے کا ایک احساس پیدا کرے گا جو کہ **ماضی کو یاد کرتا ہے** اور **مستقبل پر نگاہ مرکوز رکھتا ہے**۔*

*یہ غم کے ماروں، بچ رہنے والوں اور مقامی کمیونٹی کے افراد کے لیے **اکٹھا ہونے** کی ایک جگہ ہوگی۔*

*ایک **محترم**، **شوخ** اور **پائیدار** میموریل جو جاں بحق ہونے والوں اور ان کی فیملیوں، آتش زدگی میں بچ رہنے والوں اور مقامی کمیونٹی کے افراد کا احترام کرتا ہے۔*

### میموریل کے لیے کیا حاصل کرنا لازمی ہے

2.5 میموریل اور اس کی سیٹنگ کے لیے تین بنیادی اہداف قائم کیے گئے ہیں:

- **ایک شوخ میموریل –** یاد دہانی کی ایک سادہ جگہ سے زیادہ تخلیق کرنے کے لیے۔ ایسا تصور کیا جاتا ہے کہ ڈیزائن شاندار اور پر کشش ہو، ایک مضبوط یاد دہانی اور سانحہ میں شامل لوگوں کے لیے شاندار خراج عقیدت ہو۔

- **ایک شاندار میموریل –** اس میموریل کا گرینفل کمیونٹی کے ساتھ گہرا ربط ہوگا جس میں یاد گار بنانے اور جو لوگ جاں بحق ہوئے ان کی بہت ساری یادوں کو سنبھال کر رکھنے کی ان کی ضرورتوں کو ظاہر کیا جائے گا۔ یہ اس متنوع، ثقافتی لحاظ سے مالا مال علاقہ کو بھی مضبوطی عطا کرے گا جس کے اندر اس کو قائم کیا جائے گا۔

- **ایک پائیدار میموریل –** مجوزہ ڈیزائنوں، مواد اور ڈھانچوں کو مضبوط، پائیدار اور مستحکم ہونا چاہیے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اس کو دائمی ہونا چاہیے کہ اس سانحہ اور اس میں ہلاک ہونے والے لوگوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا اور آئندہ نسلوں کے لیے اس کو صاف طور پر بیان کیا جائے گا۔

میموریل کے لیے ڈیزائن کے رہنما اصول ان خواہشات پر مبنی ہیں جن کی وضاحت اس بیان کے حصّہ 5 میں کی گئی ہے۔

## 3 میموریل سائٹ اور آس پاس کا علاقہ

3.1 گرینفل ٹاور میموریل سائٹ اندرونی مغربی لندن کی مخلوط شہری تانے بانے کا ایک اٹوٹ اور ممتاز حصّہ ہے۔ یہ بنیادی طور پر ایک رہائشی ڈسٹرکٹ کا حصّہ ہے جس کے درمیان میں سڑکوں اور ریلویز کا ایک معروف نیٹ ورک ہے۔ اس میں ایلیویٹڈ A40 ویسٹ وے (Westway) اور A3220 ویسٹ کراس روٹ انٹرچینج (West Cross Route) اور ہیمر اسمتھ اینڈ سٹی (Hammersmith & City) اور سرکل ٹیوب لائنز (Circle Tube lines) شامل ہیں۔ لیٹیمر روڈ اسٹیشن (Latimer Road Station) سائٹ کے ٹھیک مغرب میں واقع ہے اور انڈر گراؤنڈ سسٹم اور سینٹرل لندن کو ایک قریبی کنکشن فراہم کرتا ہے۔

### سائٹ

3.2 وہ زمین جسے خود میموریل کے لیے مختص کیا گیا ہے اس کو ایک پروجیکٹ باؤنڈری سے بیان کیا گیا ہے جس کا خاکہ ڈائی گرام 1 میں پیش ہے اور جس کا رقبہ تقریبا 3400 مربع میٹر یا 0.34 ہیکٹرز ہے۔ یہ سائٹ مختلف طرح کے اوپن لینڈ اسکیپ اور پبلک کے ماتحت آنے والی جگہوں سے گھری ہے جو کہ میموریل کو احاطہ اور رسائی کے اہم پوائنٹس فراہم کریں گی۔ فی الحال مختص کردہ سائٹ اور اس کے آس پاس کی بیشتر جگہیں محفوظ طور پر ہورڈنگس اور باڑوں سے گھری ہیں کیوں کہ اس علاقے کا استعمال فی الحال دیکھ بھال اور انتظامی سرگرمیوں، ساز وسامان کے اسٹوریج، سروسنگ اور اسٹاف کی رہائش کے لیے کیا جا رہا ہے۔

3.3 یہ سائٹ رائل بورو آف کینسنگٹن (Royal Borough of Kensington) اور چیلسیا (Chelsea) کے اندر ہے اور نوٹنگ ڈیل وارڈ (Notting Dale Ward) کے مرکز کے قریب واقع ہے۔ یہ ایک گھنا، ممتاز، کثیر ثقافتی اور کثیر مذہبی علاقہ ہے جس کی آبادی کا تخمینہ تقریباً 9900 ہے (2023)۔ یہ ایک وارڈ ہے جس میں کچھ واضح سماجی، معاشی اور صحت کے لحاظ سے عدم برابری ہے بورو کے دیگر ڈسٹرکٹس اور عمومی طور پر لندن کے مقابلہ میں۔ نوٹنگ ڈیل وارڈ کے لیے متعدد اعداد وشمار لندن ڈیٹا اسٹور[6] اور وارڈ پروفائل[7] میں دستیاب ہیں جو کہ بورو کے ذریعہ شائع کیے جاتے ہیں۔


### گرینفل ٹاور اور تہہ خانہ

3.4 یہ ٹاور 1974 میں اپنی تعمیر کے بعد سے مغربی لندن کا ایک لینڈ مارک رہا ہے، اور ابھی ایک حفاظتی باڑ میں بند ہے جو کہ سانحہ کی ایک اہم یاد دہانی کی حیثیت سے کام کرتا ہے۔ گرینفل کمیونٹی کے لیے اس ٹاور کی خاص اہمیت تھی۔ آتش زدگی کے اثرات کی وجہ سے عمارت کو بھاری نقصان پہنچا ہے اور اس کے ڈھانچہ کو پروپس کے ایک اندرونی سپورٹنگ اسٹیل فریم ورک کے ذریعہ سہارا دینا پڑا ہے۔ ہر شخص اس بات سے متفق ہے کہ اگر ٹاور گرتا ہے تو اس کو احتیاط اور احترام کے ساتھ منہدم کیا جانا چاہیے، اور وہ بھی اس انداز میں جو کہ ان لوگوں کا احترام ملحوظ رکھتا ہو جو جاں بحق ہوئے ہیں۔ کمیشن اس کے مستقبل کے سلسلہ میں فیصلوں کے لیے ذمہ دار نہیں ہے کیوں کہ یہ حکومت کا معاملہ ہے جو کہ خود کمیونٹی کے ساتھ اس معاملہ پر اپنی علیحدہ بات چیت کر رہی ہے۔ گرینفل ٹاور کی حیثیت سے متعلق حتمی فیصلہ حکومت کے ذریعہ لیا جائے گا۔ اس فیصلہ سے قبل، ڈیزائن ٹیموں کو ڈیزائن کا ایک لچکدار طریقہ قائم رکھنا ہوگا۔

[6] The London Data Store, Mayor of London (2023) – https://data.london.gov.uk/dataset/ward-profiles-and-atlas

[7] Notting Dale Ward Profile, Royal Borough of Kensington and Chelsea (2014) – https://www.rbkc.gov.uk/pdf/Notting%20Daledata.pdf

ڈائی گرام 1: سائٹ کے سیاق و سباق کا پلان اور میموریل سائٹ کے حدود




**آس پاس کی اراضی کا استعمال**

3.5 لنکاسٹر ویسٹ اسٹیٹ (Lancaster West Estate) جس کا خاکہ 1960s کے اواخر میں تیار کیا گیا تھا اور جسے اصلاً 1970s میں تعمیر کیا گیا تھا، ایلیویٹڈ راستوں اور بہت زیادہ سبزہ زاروں کے ساتھ 'اسٹریٹس ان دی اسکائی' پر مشتمل ہے۔ گرینفل ٹاور اس ترقی کا حصّہ تھا۔ لیکن اسٹیٹ کی زیر زمین پارکنگ اور سروسنگ کے علاقے میموریل سائٹ اور پروجیکٹ کی چہار دیواری سے متصل ہیں، تاریک غیر پر کشش جگھوں کا باعث ہیں جس پر میموریل بناتے وقت اچھی طرح غور کرنا ضروری ہے۔ اسی سے متصل کینسنگٹن آلڈرج اکیڈمی (Kensington Aldridge Academy)، ایک مخلوط سیکنڈری اسکول ہے، جس میں طلبہ کی تعداد 1300 سے زائد ہے، اور لیزر سینٹر ہے جو کہ گوناگوں تفریحی

سہولیات فراہم کرتا ہے، ان دونوں کو 2014 اور 2015 کے درمیان از سر نو ترقی کے پروجیکٹ کے حصّہ کے طور پر شروع کیا گیا تھا۔ گرینفل ٹاور میں آتش زدگی کے بعد اکیڈمی کو عارضی طور پر کہیں اور منتقل کر دیا گیا تھا مگر 2018 میں وہ پھر اپنے سابقہ مقام پر آ گیا۔

**آس پاس کی کھلی جگہیں**

3.6 کھلی جگہیں علاقے میں رہنے والے لوگوں کی سماجی اور ثقافتی زندگی میں ایک انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں، خاص طور پر سانحہ کے بعد سے۔ انہوں نے لوگوں کے لیے اس سانحہ پر انفرادی اور معاشرتی طور پر غور کرنے کے لیے جگہیں فراہم کی ہیں تاکہ وہ اکٹھا ہوں اور تخلیقی پروجیکٹوں میں شامل ہوں، غور وفکر کریں اور پودے اگائیں۔ یہ وہ جگہیں ہیں جو کہ کثیر ثقافتی اور بین نسلی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے خود کو ان کے مطابق ڈھال رہی ہیں۔ جسمانی طور پر یہ کھلی جگہیں مختلف علاقوں کو ایک ساتھ جوڑتی ہیں اور پیادہ چلنے والوں اور سائیکل کے روٹس کے لیے ایک اچھا استعمال ہونے والا نیٹ ورک تخلیق کرتی ہیں۔ وہ بچوں کے کھیلنے، نو عمر افراد کے ملنے جلنے اور کمیونٹی باغبانی کی میزبانی کرنے، مقامی غذائیں تیار کرنے کے لیے گراں قدر جگہیں فراہم کرتی ہیں، خاص طور پر کچھ زیادہ بند دھوپ والی جگہوں میں۔

3.7 مختص کردہ میموریل سائٹ میں متعدد کھلی جگہیں ہیں جو گرینفل ٹاور کے بیس کے حدود کو تشکیل دیتی ہیں۔ اس علاقے کو اصلاً لنکاسٹر گرین (Lancaster Green) کے نام سے جانا جاتا تھا جو کہ اکیڈمی اور لیزر سنٹر کی تعمیر سے قبل گرینفل ٹاور کے لیے نسبتاً ایک بڑا لینڈ اسکیپ اور تفریحی جگہ فراہم کرتا تھا۔ آتش زدگی سے قبل ٹاور کے آس پاس کی میموریل سائٹ عام سہولیات اور تفریحی جگہ، بچوں کے کھیلنے کا ایک علاقہ اور مکینوں کے لیے فٹ پاتھوں کا ایک نیٹ ورک فراہم کیا کرتی تھی۔ ٹاور کے مغرب میں واقع سابقہ کھیل کا میدان ایک مقبول اور اچھی طرح استعمال ہونے والی کھلی جگہ تھی۔ کھیلنے کے موجودہ ساز و سامان کو ہٹا لیا گیا ہے اور انہیں اسٹوریج میں سائٹ کی دیگر متعدد چیزوں کے ساتھ رکھا گیا ہے۔ پلے کریٹ حفاظتی سطح اب بھی موجود ہے اور وہ جگہ جنوب میں باقی ماندہ ممتاز اور مقبول سپر ہیرو گریفٹی وال سے گھری ہوئی ہے۔ گرینفل ٹاور کے مشرقی حصّہ میں متعدد غیر رسمی لینڈ اسکیپ، لان اور ہموار کردہ علاقے تھے جو کہ لو سیٹنگ والز سے گھرے تھے۔ فی الحال اس علاقے کا استعمال سائٹ ہٹس اور مواد کے عارضی اسٹوریج کے لیے کیا جا رہا ہے۔

**عارضی میموریل کیبن**

3.8 سائٹ کے مغربی علاقے میں ایک بند حصّہ ہے جس میں ایک عارضی کیبن ہے جو کہ ایک چھوٹا سا کمرہ فراہم کرتا ہے جس میں بڑی کھڑکیاں ہیں جو کہ گرینفل ٹاور کی جانب کھلتی ہیں۔ کیبن اور ٹاور کے درمیان ایک چھوٹی کھلی جگہ گھاس جیسی مصنوعی سطح ہے اور فی الحال وہ غور وفکر کے لیے ایک پرائیویٹ جگہ فراہم کرتی ہے۔ اگرچہ یہ ایک مخصوص جگہ ہے یہ ہمیشہ فیملیوں کے لیے کھلی اور دستیاب نہیں رہتی ہے کیوں کہ ہورڈنگ کے اندر رسائی بظاہر صرف سالگرہ منانے کے لیے ہے۔ کیبن اور یہ بند علاقہ دونوں صرف اور صرف غمزدہ فیملیوں کے ذریعہ غور وفکر کرنے کی ایک جگہ کے طور پر استعمال کے لیے ہے تاکہ وہ کسی دائمی میموریل کے ڈیزائن اور تعمیر سے قبل اپنے عزیزوں کو یاد کر سکیں۔

**پیدل اور گاڑیوں سے رسائی اور آمد و رفت**

3.9 پیدل چلنے والوں کے لیے چار اصل روٹ ہیں جو کہ آئندہ میموریل سائٹ کے لیے رسائی فراہم کریں گے، اگر چہ سائٹ بذات خود فی الحال عوام کے لیے قابل رسائی نہیں ہے۔ یہاں مغرب کی طرف جانے والا ایک مخصوص پیڈسٹرین روٹ ہے جسے اسٹیشن واک کہا جاتا ہے جو کہ سائٹ کو بریملے روڈ اور لیٹیمر روڈ (Bramley Road) انڈر گراؤنڈ اسٹیشن سے ایک ڈائریکٹ لنک فراہم کرتا ہے۔ اس روٹ کا استعمال روزانہ کچھ طلبہ اور اساتذہ کے ذریعہ اکیڈمی آنے جانے کے لیے کیا جاتا ہے۔

3.10 شمال کی جانب سے رسائی ایک ہموار پیڈسٹرین روٹ سے ہو کر ہے جو کہ اکیڈمی اور لیزر سینٹر کے درمیان ہے اور یہ بھی گرینفل ٹاور میموریل وال کے لیے رسائی فراہم کرتا ہے۔ یہ فی الحال یادگاری اشیاء، پیغامات اور تصویروں کے لیے ایک جگہ

فراہم کرتا ہے، نیز یہ غور وفکر کے لیے عوامی طور پر قابل رسائی ایک جگہ ہے۔ مشرق کی طرف سے سائٹ تک رسائی بومورے روڈ (Bomore Road) سے ایک پیڈسٹرین روٹ سے ہو کر ہے جو لیزر سینٹر تک ایک موجودہ گرین اسپیس سے گزرتا ہے۔ جنوب کی طرف سے رسائی گرینفل روڈ (Grenfell Road) سے ہے جس میں دونوں طرف پیادہ چلنے والوں کے لیے عام راستے ہیں۔

3.11 گرینفل روڈ رسائی فی الحال سائٹ اور انتظامی دفاتر تک ایک محفوظ داخلہ فراہم کرتا ہے۔ گاڑیوں کے لیے رسائی اس محفوظ داخلے کے ذریعہ بھی فراہم کی جاتی ہے جو کہ ایک ڈھکے ہوئے سروس روڈ کو جاتی ہے جو سائٹ کے جنوبی حدود کے ساتھ ساتھ چلتا ہے۔ اس روٹ کا استعمال لنکاسٹر ویسٹ اسٹیٹ اور ایلیویٹڈ خالی گرینفل واک ( Grenfell Walk) فلیٹس کے شمالی حصّہ کے لیے جو کہ اس سروس روڈ کے اوپر واقع ہیں سروسنگ اور کچرے اٹھانے کے لیے کیا جاتا ہے۔ گراؤنڈ لیول کا علاقہ بند ہے، اس پر شیڈ لگا ہے اور وہ نسبتاً غیر پر کشش جگہ ہے جو کہ ایمرجنسی خدمات، کچرے کی جمع کاری اور پرائیویٹ لاک اپ گیرجوں کے ایک مجموعہ کے لیے رسائی فراہم کرتا ہے جو کہ گراؤنڈ لیول کے ٹھیک نیچے بنے ہوئے ہیں (ضمیمہ A3، سائٹ فوٹوگراف 5 ملاحظہ کریں)۔

3.12 اپر لیول تک رسائی ایک پیادہ ریمپ کے ذریعہ کی جاتی ہے جو کہ اسٹیشن واک (Station Walk) کے ساتھ ساتھ چلتا ہے اور گرینفل واک تک فرسٹ فلور پیادہ رسائی فراہم کرتا ہے۔ عوامی ملکیت والا یہ علاقہ فی الحال ہورڈنگ کے ذریعہ بند کر دیا گیا ہے جو کہ ذیل کی میموریل سائٹ تک جسمانی اور بصری رسائی کو روکتی ہے (ضمیمہ A3، سائٹ فوٹوگراف 11 اور 12 ملاحظہ کریں)۔ یہ پیڈسٹرین ایریا لنکاسٹر ویسٹ اسٹیٹ کے رہائشی بلاکوں اور فی الحال گرینفل واک سے متصل خالی فلیٹوں تک فرسٹ فلور کی رسائی فراہم کرتا ہے۔ توقع کی جاتی ہے کہ آئندہ سیمی-پرائیویٹ پبلک علاقہ پورے میموریل سائٹ کے لیے ایک ایلیویٹڈ ویو پوائنٹ فراہم کرے گا۔

3.13 مرحلہ 1 میں، ڈیزائن ٹیموں سے میموریل کا ڈیزائن تیار کرنے سے متعلق ان کی ابتدائی تحریک کی وضاحت کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے جو اس نوعیت کے کام انجام دینے کے ان کے طریقہ پر مرکوز ہوگا جس کو سابقہ کاموں کے ذریعہ ظاہر کیا گیا ہو۔ مرحلہ 2 میں، شارٹ لسٹ کی گئی ڈیزائن ٹیموں کے پاس اپنے ابتدائی ڈیزائن کے طریقوں، تصورات اور شروعاتی تجاویز کو ایکسپلور اور فروغ دینے کا موقع ہوگا اور انہیں مزید تکنیکی معلومات فراہم کی جائیں گی جن پر وہ اپنے منصوبہ کی بنیاد رکھیں گے۔

## 4 گرینفل کمیونٹی

4.1 ان لوگوں کے بہت سارے مختلف 'گروپوں' کو واضح انداز میں بیان کرنا آسان نہیں ہے جو گرینفل کمیونٹی کا حصّہ ہیں اور جن کی زندگیاں راست طور پر آتش زدگی سے وابستہ اندوہناک واقعات اور اس کے نتائج سے متاثر ہوئی ہیں۔ الفاظ اور 'لیبلز' اکثر اس بارے میں انصاف نہیں کر پاتے کہ کس طرح اس سانحہ کے شخصی تجربات مختلف انداز میں آپس میں ضم ہوتے ہیں۔ اس کے جواب میں، الفاظ کو دھیان سے منتخب کیا گیا ہے اور جب کبھی گرینفل کمیونٹی کا ذکر ہوتا ہے تو اس سے مراد غمزدہ فیملیاں، حادثے میں بچ رہنے والے لوگ، لنکاسٹر ویسٹ اسٹیٹ کے مکین اور وہ قریبی کمیونٹی ہوتی ہے جو گرینفل ٹاور کے بالکل آس پاس رہتی ہے۔ یہ بات تسلیم ہے کہ متاثرہ افراد اور فیملیوں کے درمیان اس سلسلہ میں مشترک اور منفرد تجربات ہیں، بالکل ویسے ہی جیسے کہ ہر فیملی اور فرد مختلف ہے، اور عام مفروضے قائم کرنا ممکن نہیں ہے۔ نسبتاً بڑی کمیونٹیوں کے اندر بھی کمیونٹیاں ہوتی ہیں۔

4.2 آغاز ہی سے، کمیشن کی توجہ گرینفل کمیونٹی کی رائے جاننے اور ان کی خواہشات کو سمجھنے پر مرکوز تھی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ آئندہ کے میموریل میں ان سب کو جگہ دی جائے گی۔ تقریباً 4 سال کی سرگرم شمولیت کے دوران، کمیونٹی کی بات چیت کے انعقاد کے لیے اور میموریل کے بارے میں کمیونٹی کے نظریات معلوم اور ریکارڈ کرنے کے لیے مختلف راستے اپنائے گئے۔ کل 2259 لوگوں نے کمیشن کے ساتھ اپنے خیالات شیئر کیے، جن میں 43 میں سے 31 وہ فیملیاں تھیں جنھوں نے اس حادثے میں اپنوں کو کھویا تھا۔ یہ کام متعدد ذرائع سے انجام پایا جن میں، بشمول مگر بلا تحدید، رو برو اور اجتماعی بات چیت، سوالنامے، شخصی اور آن لائن واقعات، اور مختلف زبانوں میں خیالات فراہم کرنے کا موقع شامل ہیں۔ اس طریقہ کا خاکہ کمیشن کے ساتھ مواصلت میں لوگوں کو تعاون دینے کے لیے تیار کیا گیا تھا تاہم یہ ان کے لیے بہت مناسب رہا۔ کمیشن نے یہ بات بھی تسلیم کی کہ ہر شخص آئندہ میموریل کے سلسلہ میں بات چیت کرنے کے قابل اور تیار محسوس نہیں کرتا ہے۔

4.3 نقطۂ آغاز کے طور پر، اس بارے میں ایک عام اتفاق ہے کہ غمزدہ فیملیوں کے نظریات کو لازماً سب سے زیادہ وزنی ہونا چاہیے۔ یہ بچ رہنے والوں اور فیملی کے ممبران کے ساتھ مواصلتوں اور بات چیت کے ذریعہ مقامی کمیونٹی سے سنا گیا ہے۔ اس کو جگہ دینے کے لیے کمیشن کو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تیار کیا گیا ہے کہ غمزدہ لوگوں کی آواز کو زیادہ وزن حاصل ہو۔ کمیونٹی کے ساتھ کام کرنے کے علاوہ، میموریل کا ڈیزائن تیار اور ڈیلیور کرنے کا عمل مقامی تنظیموں اور قانونی اداروں کے ساتھ باقاعدہ اور رسمی صلاح ومشورہ کا بھی متقاضی ہوگا۔ یہ رسمی پلاننگ صلاح ومشورہ، اپلی کیشن اور منظوریوں کے عمل کا حصّہ ہوگا جو کہ ڈیزائن ٹیم کے اس انتخابی عمل کے بعد پیش آئے گا۔

### کمیونٹی کا احترام کرنا

4.4 پس منظر کی معلومات اور علاقے کا مکمل فہم حاصل کرنا نیز میموریل کے ڈیزائن کے لیے ممکنہ طریقہ ایک دانشمندانہ اور حساس انداز میں انجام دیا جانا چاہیے۔ کمیشن نے کمیونٹی کی خواہشات کو سمجھنے میں خاصا وقت صرف کیا جنھیں دو شائع شدہ رپورٹوں میں ریکارڈ کیا گیا ہے اور جنھیں ڈیزائن کے اس بیان میں شامل کیا گیا ہے۔ گرینفل کمیونٹی شدید صدمے سے دوچار ہوئی ہے اور ٹیموں سے اس کا احترام کرنے اور افراد کی رازداری کے تئیں حساس رہنے کو کہا گیا ہے۔

4.5 انتخابی عمل کا مرحلہ 2 کمیشن کے سیکریٹریٹ کے ذریعہ منظم کردہ مرکوز سیشنوں کے ذریعہ شارٹ لسٹ کی گئی ڈیزائن ٹیموں کے ساتھ ملاقات اور معاملات کرنے کے لیے گرینفل کمیونٹی کے لیے ایک رسمی موقع فراہم کرے گا۔ یہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ گرینفل کمیونٹی راست طور پر میموریل کے ڈیزائن کے فروغ اور ڈیزائن ٹیم کے انتخاب کو با خبر بنائے گی۔ پھر وہ ٹیم جس کا انتخاب عمل میں آتا ہے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کمیشن اور گرینفل کمیونٹی کے ساتھ قریبی رابطہ میں رہ کر اور تعاون کر کے کام کرے گی کہ میموریل کا ڈیزائن ان کے خیالات اور خواہشات کو جگہ دیتا ہے اور یہ کہ میموریل کے ڈیزائن اور ڈیلیوری کو صحیح معنوں میں کمیونٹی ہی قیادت فراہم کرتی ہے۔

## 5 ڈیزائن سے متعلق رہنما اصول

5.1 اصل مقصد ایک محترم، دیرپا اور پائیدار میموریل تخلیق کرنا ہے جو جاں بحق ہونے والے لوگوں کا احترام کرتا ہو۔ میموریل کے لیے درج ذیل ڈیزائن سے متعلق رہنما اصول کو گرینفل کمیونٹی کی شمولیت اور ان سے اکٹھا کردہ معلومات کی بنیاد پر تیار کیا گیا ہے۔ مزید تفصیلات انتخابی عمل کے مرحلہ 2 میں فراہم کی گئی ہیں۔

- **میموریل کا ماحول –** ایک ایسے میموریل کی تخلیق جس کا خاکہ سکون اور غور وفکر کے ایک احساس کو اپنے اندر سموئے رکھنے کے لیے تیار کیا گیا ہو، جو کہ جاں بحق ہونے والے لوگوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک محترم جگہ ہو اور ایک ایسی جگہ ہو جو ان کے ثقافتی تنوع کے تئیں حساس ہو۔ یہ ایک ایسی جگہ ہوگی جہاں احترام اور یادوں کی بازگشت میموریل کے ہر حصّہ اور تفصیل میں محسوس ہوگی۔
- **میموریل کا ڈھانچہ –** ایک اہم اور پائیدار میموریل کی تخلیق جس کو ایک اثر انگیز لینڈ اسکیپ گارڈن سیٹنگ کے اندر قائم کیا گیا ہو یا وہ اس کے حصّہ کو تشکیل دیتا ہو۔ میموریل کو با وقار ہونا چاہیے اور اسے موسم سے تحفظ فراہم کرنا چاہیے، دعاؤں اور غور وفکر کے لیے ایک جگہ فراہم کرنی چاہیے، اس میں پانی ہونا چاہیے اور اس سے ان لوگوں کے ناموں کی شناخت ہونی چاہیے جنھوں نے اپنی زندگیاں کھوئی ہیں۔
- **میموریل کا استعمال –** ایک با وقار جگہ کی تخلیق جو خراج عقیدت اور یاد دہانی کے لیے مخصوص ہو۔ یہ غور وفکر کرنے، دعاؤں، اور اجتماع کی ایک جگہ ہوگی، یاد دہانی کی تقریبات کی میزبانی کے لیے اس کا خاکہ تیار کیا جائے گا اور یہ شخصی غور وفکر اور اجتماعی تسلی ودلاسے کے لیے ایک پر سکون جگہ ہوگی۔

### میموریل کا ماحول

5.2 میموریل کے ماحول کو ایک پر سکون اور غور وفکر والی جگہ کی خصوصیات کو ترجیح میں شامل کرنا چاہیے اور اسے ایک ایسی جگہ ہونا چاہیے جو احترام اور یاد دہانی فراہم کرتی ہے۔ ان شرائط کو گرینفل کمیونٹی نے سب سے زیادہ اہمیت دی ہے اور وہ گرینفل میموریل کے لیے قائم کردہ بنیادی آرزوؤں کی عکاسی کرتی ہیں جن کی وضاحت اس ویژن میں کی گئی ہے۔ کم اہم سہی مگر امید اور مثبت رہنے کی حالت نیز محبت اور کمیونٹی کے تھیمز پر بھی تجاویز تیار کرتے وقت غور کیا جانا چاہیے۔

### میموریل کا ڈھانچہ

5.3 گرینفل کمیونٹی کے ساتھ تمام بات چیت میں میموریل کے لیے پسندیدہ تجویز ایک خوبصورت گارڈن کا ہونا بتایا گیا ہے جس کو سبھی گروپوں نے کثرت سے ذکر کیا ہے۔ اگر چہ گارڈن کو میموریل کا مرکزی عنصر بنایا جانا مضبوط ترجیح رہی ہے اس کے ساتھ ایک عمارت یا ڈھانچہ بھی تعمیر کیا جائے گا جو غور وفکر کے لیے شیلٹر اور جگہ فراہم کرے گی۔ اضافی طور پر ، کسی یادگار یا آرٹ ورک کو شامل کرنے کی امید ہے جو کہ میموریل کو بہتر بنائے گا تاکہ وہ گرینفل کے لیے درست طور پر با معنی اور مناسب ہو۔ وہ بنیادی عناصر جو کہ میموریل کی شکل وصورت میں تعاون کر سکتے ہیں ان کا خلاصہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے۔

*ایک میموریل لینڈ اسکیپ گارڈن*

5.4 لینڈ اسکیپ ترقی، تجدید اور تسکین کی ایک مضبوط علامت ہوتی ہے۔ سب سے زیادہ اتفاق اس بات پر رہا ہے کہ گرینفل میموریل کا اعلی وقار ہونا چاہیے اور اسے ایک گارڈن سیٹنگ میں قائم کیا جانا چاہیے۔ پوری تاریخ میں لینڈ اسکیپ اور گارڈنز کا استعمال علامتی روحانی اور مذہبی معانی کی ترسیل کے لیے کیا گیا ہے جس کی بہت ساری عام مثالیں ہیں جو مختلف ثقافتوں کی خصوصیات اور خاصیات کو یکجا کرتی ہیں۔ اگر چہ یہ تجویز کی جاتی ہے کہ ایک گارڈن کو

میموریل کے ڈیزائن میں مرکزی حیثیت حاصل ہونی چاہیے، اس کو دیگر بہت سارے عوامل کو بھی دھیان میں رکھنا چاہیے۔

*عناصر*

5.6. میموریل کو واضح طور پر 72 شہداء کے نام ظاہر کرنا چاہیے اور ان کے اہل خانہ کو اس بابت اختیارات دیے جانے چاہئیں کہ آیا انہیں شامل کیا جانا چاہیے اور اس کا طریقہ کیا ہو۔ نظر آنے کی حالت اور کمیونٹی پر اثر کو متوازن بنانے کے لیے بلندی کے ایک عنصر پر حساس انداز میں غور کرنا چاہیے۔ پانی، جو کہ سکون کی علامت ہوتا ہے، اور روشنی، پہلے ہی سے گرینفل میموریلز میں زیر استعمال ہیں، جیسے ٹاور سے روشنی کی کرنیں، اور سالگرہوں کے دوران دیگر عمارتوں کو سبز روشنی سے روشن کرنا، شامل کرنے کے لیے بنیادی عناصر ہیں۔ آرٹ کو مقامی کمیونٹی کی تخلیقیت کو ظاہر کرنا چاہیے اور محبت، امید، اور افسردگی کے جذبات کو ابھارنا چاہیے۔ سبز رنگ جو کہ یادوں اور یکجہتی کی علامت ہوتا ہے انتہائی اہم ہے جبکہ سبز دل فرحت بخش علامات ہوتی ہیں۔ گرینفل ٹاور کے مواد کو شامل کیا جا سکتا ہے مگر ان کے استعمال کا انحصار حساسیت، امکان، اور موزونیت پر ہوگا۔ مزید تفصیلات انتخابی عمل کے مرحلہ 2 میں فراہم کی جائیں گی۔

*کوئی عمارت یا ڈھانچہ*

5.7 کچھ افراد نے ایک ایسی جگہ یا جگہوں کی تجویز پیش کی تھی جو عناصر سے تحفظ فراہم کرتی ہوں تاکہ اجتماعی یا شخصی دعا اور مراقبہ کو سال بھر اور دن کے مختلف اوقات میں ممکن بنایا جائے۔ لوگوں نے اس بات کی بھی تجویز کی کہ ایک عمارت کو تعلیمی یا معاشرتی مقاصد کے لیے فراہم کیا جا سکتا ہے جبکہ دیگر لوگوں نے ایک تشویش ظاہر کی کہ سائٹ پر کوئی میوزیم اس سائٹ کو ایک سیاحتی مقام میں تبدیل کر سکتا ہے۔ اس بات کی بھی درخواست کی گئی ہے کہ غمزدہ خاندانوں کے لیے ان کی محبوب چیزوں کو رکھنے کی ایک جگہ کے ساتھ ساتھ ان کے پر سکون مراقبے کے لیے بھی کوئی جگہ ہونی چاہیے۔ یہ خاص طور پر اہم ہے کیوں کہ آگ کی شدت کی وجہ سے کچھ غمزدہ خاندان اپنے عزیزوں کی آخری رسوم بھی ادا نہیں کر سکے تھے۔ آیا کوئی زیادہ بڑی عمارت میموریل کے حتمی ڈیزائن کا حصّہ ہوگی یا اس سے متصل ہوگی اس پر گرینفل کمیونٹی کی طرف سے اتفاق ہونا ابھی باقی ہے۔

**میموریل کا استعمال کس طرح کیا جائے گا**

5.8 جس میموریل کا تصور کیا گیا ہے اسے ذکر اور غور وفکر کے لیے ایک پرسکون جگہ ہونا چاہیے جس کے لیے گرینفل کمیونٹی کی خواہشات پر عمل کیا گیا ہو۔ یہ زائرین کے لیے بیٹھنے، آرام کرنے، اور غور وفکر کرنے کے لیے جگہیں فراہم کرے گا، جن میں ان لوگوں کے لیے زیادہ خصوصی جگہیں شامل ہیں جنہیں تنہائی درکار ہے۔ کمیونٹی کے ثقافتی تنوع کو دھیان میں رکھتے ہوئے، یہ ڈیزائن افسوس کے اظہار اور زندگی کے جشن کے مختلف طریقوں پر مشتمل ہوگا اور اس میں مختلف مذاہب کے ماننے والوں کے لیے جگہیں ہوں گی۔

5.9 یہ میموریل شہداء کو یاد کرنے اور کمیونٹی کی سرگرمیوں میں تعاون کرنے کے لیے سالانہ اور ششماہی اجتماعات کی میزبانی کرے گا مثال کے طور پر وہ سرگرمیاں جو فن اور بہبود پر مرکوز ہوتی ہیں۔ کمیونٹی کے بعض ممبران نے تعلیمی سہولیات یا کسی میوزیم کو شامل کرنے کی تجویز کی ہے جبکہ دیگر لوگوں کو اس کے ایک سیاحتی مقام بن جانے کی تشویش ہے۔ نو عمر زائرین کے لیے جگہیں فراہم کرتے وقت بچوں اور نو عمر افراد کے لیے مناسب علاقوں کو شامل کیا جانا چاہیے تاکہ ان بچوں کو نذرانۂ عقیدت پیش کیا جائے جنہوں نے اپنی جانیں گنوائی ہیں۔ بچوں کے لیے حسیاتی علاقے اور غور وفکر کے لیے مختص کردہ جگہوں پر بھی غور کیا جانا چاہیے۔

5.10 اضافی طور پر، میموریل ایک ممکنہ ڈیجیٹل آرکائیو سے مربوط ہوگا (جو کہ اس بیان کے دائرہ سے باہر ہے) اور کمیونٹی کے ذریعہ تخلیق کردہ دیگر مقامی میموریلز سے متعلق ہوگا۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ سائٹ با وقار برقرار رہتی ہے، ڈیزائن ٹیموں کو انتظام کرنے اور نا مناسب سرگرمیوں کو روکنے کی ضرورت ہوگی، جیسے سگریٹ نوشی، شراب نوشی، کتے کو ٹہلانا، نا مناسب سلوک، اور توڑ پھوڑ وغیرہ۔

### پائیداری اور طویل مدتی انتظام

5.11 میموریل کا ڈیزائن تیار کرنے، ڈیلیور کرنے اور دیکھ بھال کرنے کے لیے ایک پائیدار طریقہ کار انتہائی اہم ہے۔ ڈیزائن کی آئندہ تجاویز کو لازمی طور پر حساس انداز میں ذرائع کے ایک فعال استعمال کا مظاہرہ کرنا چاہیے جو اس بات کو یقینی بناتا ہو کہ پروجیکٹ ماحولیاتی، سماجی، اور معاشی لحاظ سے پائیدار ہے۔ محتاط توجہ لازمی طور پر آرکیٹیکچر اور لینڈ اسکیپ کے قیام اور ان کی طویل مدتی دیکھ بھال کو دی جانی چاہیے جبکہ تا عمر انتظام کے لیے ایک سوچا سمجھا منصوبہ ہونا چاہیے۔ طریقہ کار اور ڈیزائن کو کمیونٹی کو میموریل کے ساتھ ایک مضبوط اور دیر پا ربط رکھنے کے قابل بنانا چاہیے جس میں وقت گزرنے کے ساتھ عضویاتی نمو اور ترقی کی گنجائش موجود ہو۔ مواد کا انتخاب حساسیت کے ساتھ کیا جانا چاہیے اور اس کے لیے پائیدار، اعلی معیاری ایسے مواد کو ترجیح دیا جانا چاہیے جو ہمیشگی اور کم از کم ماحولیاتی اثر کو یقینی بناتا ہو۔ پائیداری سے متعلق تفصیلی تقاضے مرحلہ 2 میں فراہم کیے جائیں گے۔

## 6 آپ کی ڈیزائن ٹیم

6.1 مرحلہ 1 آپ کی مجوزہ ٹیم پر توجہ مرکوز کرتا ہے کیوں کہ کمیشن، کمیونٹی گروپوں اور افراد کے ساتھ کام کرنے کے آپ کے طریقہ پر اس کا ایک راست اثر ہوگا۔ اس بات کی تفصیل بیان کرنا ضروری ہے کہ آپ کی ٹیم میں کون لوگ شامل ہیں، ان کی مہارتیں اور تجربات کیا ہیں، اور آپ کی ٹیم کی قیادت اور تنظیم کی صورت کیا ہوگی۔ اس بات کو یقینی بنانے کا ایک مضبوط طریقہ ہونا چاہیے کہ آپ کی پوری ٹیم میں مساوات، تنوع اور شمولیت کی کارفرمائی ہے، آپ کی تجویز کے مواد میں اور آپ کے پورے کام کے دوران۔ ڈیزائن کی وسیع اور متنوع مہارتوں کو شامل کرنے اور ڈیزائن کے ڈسپلن، آبادیاتی معلومات اور حاصل تجربات میں تعاون اور رابطہ کاری ہونی چاہیے۔ آپ کو اس بارے میں بھی غور کرنا چاہیے کہ کس طرح آپ مقامی افراد اور تخلیقی تنظیموں کے ساتھ کام کر سکتے ہیں جن کے پاس سائٹ اور اس کو ممتاز کرنے والی خصوصیات اور خاصیات کا راست علم ہوگا۔

6.2 میموریل کے لیے ڈیزائن کی تجاویز کو فروغ دینے کے لیے مختلف مخصوص مہارتوں کی ضرورت ہوگی اور ٹیموں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل پیشہ ورانہ مہارتوں کو شامل کریں:

- لیڈ ڈیزائنر (لیڈ ڈیزائن کنسلٹینٹ یا پرنسپل ڈیزائنر)
- لینڈ اسکیپ آرکیٹکٹ، جو کہ ایک بنیادی ضرورت ہے۔
- آرکیٹیکٹ، جو کہ ایک بنیادی ضرورت ہے۔
- اسٹرکچرل اور بلڈنگ سروسز انجینئر
- کمیونٹی انگیجمنٹ کنسلٹینٹ
- ٹرانسپورٹ، موومنٹ اور ایکسس کنسلٹینٹ
- ٹاؤن پلاننگ کنسلٹینٹ

6.3 آپ مہارتوں کے دیگر میدانوں کو بھی شامل کرنے پر غور کر سکتے ہیں جیسے آرٹسٹس، لائٹنگ اسپیشلسٹس، ترجمانی کنسلٹینٹس، ہورٹی کلچرلسٹ اور لینڈ اسکیپ مینیجرز۔ اگر آپ کی ٹیم کو شارٹ لسٹ کیا جاتا ہے اور اسے انتخابی عمل کے دوسرے مرحلہ میں پیش قدمی کرنے کی دعوت دی جاتی ہے تو فیڈ بیک کے بعد آپ کے پاس ضروری ہونے کی صورت میں اپنی ٹیم کی ممبرشپ میں اضافہ اور ترمیم کا موقع ہوگا۔

6.4 ایک بین الاقوامی انتخابی عمل کے طور پر، برطانیہ اور بیرون ملک سے ٹیموں کی قیادت کی جا سکتی ہے اور اس میں لوگوں کو شامل کیا جا سکتا ہے۔ ڈیزائن ٹیم کے لیڈر کا ڈیزائن کے آئندہ عمل میں ایک مرکزی اور مربوط کردار ہوگا، ان کے پاس ڈیزائن اور ڈیلیوری کا مضبوط تجربہ اور جس ملک میں وہ مقیم ہیں وہاں کا ان کے پاس ایک مصدقہ پیشہ ورانہ سند ہونی چاہیے۔ برطانیہ کے لیے اس میں ممکنہ طور پر تنظیموں کی پیشہ ورانہ ممبرشپ شامل ہوگی جیسے لینڈ اسکیپ انسٹی ٹیوٹ (Landscape Institute)، آرکیٹیکٹس رجسٹریشن بورڈ (Architects Registration Board) یا موزوں انجینئرنگ انسٹی ٹیوشنز۔

6.5 گرینفل ٹاور میموریل کمیشن پہلے ہی سے کچھ راست تکنیکی سپورٹ اسپیشلسٹ کنسلٹینٹس سے موصول کرتا ہے۔ مندرجہ ذیل مہارتیں Ministry of Housing, Communities and Local Government کے ذریعہ میموریل کے فروغ اور ڈیلیوری میں تعاون کے لیے فراہم کی جائیں گی:

- صدمہ سے متعلق کنسلٹینٹ
- لاگت سے متعلق کنسلٹینٹ اور مقدار کا سروے کنندہ
- جیو ٹیکنیکل اور زمین کی آلودگی سے متعلق کنسلٹینٹ
- سہولیات اور سطح کے پانی کے نکاسی سے متعلق کنسلٹینٹ
- آربوری کلچر اور ایکولوجی کنسلٹنیٹس

- حسب ضرورت اضافی تعمیر کردہ ماحول اور ڈیزائن کنسلٹینٹس

6.6 کمیشن کے ذریعہ یہ رولز الگ سے حاصل کیے جائیں گے اور جب اور جہاں اس کی ضرورت ہوگی حکومت تعاون کرے گی۔ تاہم، ڈیزائن سے متعلق ٹیمیں اگر چاہیں تو اپنی ٹیم کے حصّہ کے طور پر ان مہارتوں کے حامل مخصوص اسپیشلسٹ افراد اور تنظیموں کو شامل کرنے کا فیصلہ کر سکتی ہیں۔

**باہمی تعاون کے تئیں آپ کا موقف**


6.7 مرحلہ 1 کی تجویز کے لیے ڈیزائن سے متعلق ٹیموں کے اسٹرکچر اور ٹریک ریکارڈ پر اصل توجہ دی جائے گی۔ اس بات پر بھی غور کرنا ضروری ہوگا کہ کس طرح ٹیم کمیشن اور گرینفل کمیونٹی کے اشتراک سے میموریل کا ڈیزائن تیار کرنے پر کام کرے گی۔ اس میں سابقہ کاموں سے بھی فائدہ اٹھانا چاہیے جو کہ ڈیزائن کی مثالی تجاویز حاصل کرنے کے لیے ایک شمولیتی کمیونٹی کی رہنمائی میں حاصل کردہ طریقہ کا واضح مظاہرہ کرتا ہو۔

6.8 ٹیموں کی کثیر اختصاص والی، ماہر، حساس، اور نمائندہ ٹیموں کو جمع کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ اس طریقہ کو اس بات کی وضاحت کرنی چاہیے کہ کس طرح کثیر اختصاص والی ٹیم کا ایک مناسب اور شاندار میموریل تخلیق کرنے کے لیے بہترین استعمال کیا جا سکتا ہے جو کہ ویژن اور کمیشن کے ذریعہ طے کردہ ڈیزائن کے اہداف کی عکاسی کرتا ہو۔

6.9 شمولیت اور مشارکتی ڈیزائن کا ایک طریقہ جو کہ اس سیاق و سباق، کمیونٹی اور بھاری صدمے کو پورے طور پر دھیان میں رکھتا ہو انتہائی اہم ہوگا۔ بنیادی طور پر اس عمل کو یہ یقینی بنانے کی ضرورت ہوگی کہ میموریل کا ڈیزائن اور ڈیلیوری راست طور پر گرینفل کمیونٹی کے لیے اور ان کے ساتھ حاصل کیا جاتا ہے اور توسیعی کمیونٹی شمولیت میں تعاون کرنے پر خوب غور کرتا ہے جو کہ اب تک انجام دی گئی ہیں۔

## ضمیمہ A1

میموریل سائٹ بیس پلان




**ضمیمہ A2:** میموریل سائٹ کی فضائی تصویر




ایریل میپنگ ڈیٹا: Copyright Bluesky International Ltd and Getmapping Ltd

## **ضمیمہ A3:** میموریل سائٹ فوٹو لوکیشن






سائٹ کی تصویر 1: بریملے روڈ کے ساتھ جنکشن پر اسٹیشن واک پیڈسٹرین رسائی والا منظر (06/07/23)





سائٹ کی تصویر 2: سائٹ کے محفوظ داخلہ کے مقام پر اسٹیشن واک کے اوپر کا منظر (06/07/23)




سائٹ کی تصویر 3: میموریل سائٹ کی جانب مشرق کا منظر جو کہ فی الحال سائٹ کے محفوظ علاقہ میں ہے (06/07/23)




سائٹ کی تصویر 4: میموریل سائٹ کے مشرقی حصّہ کے پار مغرب کا منظر (06/07/23)



سائٹ کی تصویر 5: میموریل سائٹ کی جنوبی حدود پر ڈھکا ہوا سروس روڈ (06/07/23)




سائٹ کی تصویر 6: سائٹ کے محفوظ داخلہ تک گرینفل روڈ سے پہنچنے کا راستہ (06/07/23)




سائٹ کی تصویر 7: کینسنگٹن آلڈرج اکیڈمی اور سلچسٹر روڈ (Silchester Road) کے ذریعہ پیدل چلنے والوں کی رسائی (06/07/23)




سائٹ کی تصویر 8: کینسنگٹن لیزر سینٹر اور اکیڈمی کے درمیان پیدل چلنے والوں کی رسائی (06/07/23)



سائٹ کی تصویر 9: کینسنگٹن لیزر سینٹر کے ذریعہ جنوب مشرق سے پیدل چلنے والوں کی رسائی (06/07/23)



سائٹ کی تصویر 10: کینسنگٹن لیزر سینٹر کے ذریعہ بومورو روڈ سے پیدل چلنے والوں کی رسائی (06/07/23)



سائٹ کی تصویر 11: گرینفل واک ایلیویٹڈ واک وے اور ہورڈنگ کا مغربی حصّہ (18/01/24)



سائٹ کی تصویر 12: گرینفل واک ایلیویٹڈ واک وے اور ہورڈنگ کا مشرقی حصّہ (18/01/24)